**21.05.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................... ضمیر رضوی

**Music**

-------------------------------

☆ بھارت اور اٹلی، اقتصادی رابطوں کو وسعت دینے کیلئے بھارت-مشرق وسطیٰ-یوروپ معاشی راہداری کو مزید فروغ دینے پر متفق ہوگئے ہیں۔

☆ حکومت نے صارفین، پیشہ ور افراد اور **Aesthetic** کلینکس کی جانب سے انجیکشن کے ذریعے کاسمیٹک مصنوعات کے استعمال کو ممنوع قرار دیا ہے۔

☆ مرکز نے **Ebola** بیماری سے متاثرہ ملکوں سے پہنچ رہے یا ٹرانزٹ کررہے مسافروں کے بارے میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔

☆ مغربی بنگال حکومت نے سبھی مدرسوں میں پریئر گیت کے طور پر وندے ماترم کو لازمی قرار دینے کا حکم جاری کیا ہے۔

☆ تمل ناڈو میں وزیر اعلیٰ سی جوزف وجے کی قیادت والی کابینہ میں 4 خواتین وزیروں کے اضافے کے بعد وزراء کی تعداد 33 ہوگئی ہے۔

☆ اور **IPL** کرکٹ میں آج شام احمدآباد میں گجرات ٹائٹنس کا مقابلہ چنئی سپر کنگس سے ہوگا۔

-------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**Rev-PM- Italy Visit**

بھارت اور اٹلی نے تجارت، سرمایہ کاری کو مضبوط اور مستحکم کرنے اور سپلائی کے سلسلے کو بہتر بنانے کی غرض سے بھارت، مشرق وسطیٰ، یوروپ اقتصادی کاریڈور (IMEC) کو مزید فروغ دینے سے اتفاق کیا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور اٹلی کی وزیراعظم **Giorgia Meloni** نے **IMEC** کی اہمیت اور ضرورت کو تسلیم کرتے ہوئے اسے فروغ دینے اور اس کی ازسرنو تشکیل سے اتفاق کیا ہے، تاکہ عالمی تجارت، خوشحالی اور رابطوں کو بڑھاوا دیا جاسکے۔

وزیراعظم نریندر مودی اور اٹلی کی وزیراعظم **Giorgia Meloni** نے ایک مشترکہ پریس کانفرنس میں **IMEC** کو ایک اہم رابطے سے تعبیر کیا ہے، جو یوروپ، مشرق وسطیٰ اور بھارت کو جوڑتا ہے، جس کے نتیجے میں تجارت، سرمایہ کاری اور سپلائی

کے سلسلے کو بڑھاوا ملے گا اور یہ مستحکم ہوگا۔

وزیراعظم نریندر مودی اپنے پانچ ملکوں کے سرکاری دورے کے آخری مرحلے میں اٹلی پہنچے تھے، جہاں سے وہ آج صبح نئی دلّی واپس آئے ہیں۔×

**Rajnath-PM Award**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے خوراک اور زراعت سے متعلق تنظیم کا Agricola میڈل وزیراعظم مودی کو دیئے جانے پر انہیں مبارک باد دی ہے۔ جناب راجناتھ سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ جناب مودی اناج کی یقینی فراہمی کو مستحکم کرنے، زراعت کی پائیدار ترقی کو فروغ دینے اور گاؤوں کی ترقی کیلئے جو نمایاں کام انجام دے رہے ہیں، اُسے تسلیم کرنے کیلئے انہیں اس اعزاز سے نوازا گیا ہے۔ وزیر اعظم مودی کو کل اٹلی کے شہر روم میں خوراک اور زراعت سے متعلق صدر دفتر میں پُروقار Agricola میڈل سے سرفراز کیا گیا تھا۔×

**Govt - Cosmetic Products**

حکومت نے صارفین، پیشہ ور افراد اور Aesthetic کلینکس کی جانب سے انجیکشن کے ذریعے کاسمیٹک مصنوعات کے استعمال کو ممنوع قرار دیا ہے۔ دواؤں کے پیمانوں سے متعلق مرکزی ادارے CDSCO نے کہا ہے کہ کاسمیٹکس، انسانی جسم پر صرف گھسنے، لگانے یا چھڑکنے کیلئے ہوتی ہیں۔ CDSCO نے کہا کہ کاسمیٹک کی فروخت، ڈسٹری بیوشن، درآمدات اور مینوفیکچرنگ، کاسمیٹک ضابطوں 2020 کی گنجائشوں کے تحت منضبط ہوتی ہے۔ CDSCO نے مزید کہا کہ کاسمیٹک صرف صفائی، خوبصورت بنانے، جاذبیت میں اضافہ کرنے اور انسانی جسم کی ظاہری شکل کو بدلنے کیلئے ہوتے ہیں۔ CDSCO نے مزید کہا کہ کاسمیٹک مصنوعات میں ممنوعہ اجزاء کا استعمال، لیبل پر گمراہ کن دعوے، علاج کیلئے کاسمیٹک کا استعمال اور انجیکشن کے ذریعے کاسمیٹک لینا، قانون اور ضابطوں کی خلاف ورزی ہے۔×

**DGHS - Ebola Disease**

صحت خدمات کے ڈائریکٹوریٹ جنرل نے Ebola بیماری سے متاثرہ ملکوں سے پہنچ رہے یا ٹرانزٹ کررہے مسافروں کے بارے میں ایڈوائزری جاری کی ہے۔ ایڈوائزری کے مطابق، جمہوریہ کانگو، یوگانڈا اور جنوبی سوڈان سمیت زیادہ خطرہ لاحق ممالک کا سفر کرچکے ایسے افراد جنہیں بخار، سردرد، عضلات میں تکلیف بنا کسی وجہ کے خون بہنے اور اُلٹی آنے جیسی علامات ظاہر ہورہی ہیں، وہ فوری طور پر اپنا علاج کرائیں۔ ایڈوائزری نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے مسافر، جو Ebola کے تصدیق شدہ یا مشتبہ مریضوں کے خون یا جسمانی مادوں کے سیدھے رابطے میں آئے ہیں، وہ امیگریشن کلیئرنس سے پہلے فوری طور پر ایئر پورٹ ہیلپ افسر یا ہیلتھ ڈیسک پر رپورٹ کریں۔×

**WB Vandematram**

مغربی بنگال سرکار نے تمام مدرسوں میں پریئر کی جگہ وندے ماترم گانا لازمی قرار دیا ہے۔ مدرسہ تعلیمی محکمے نے اس سلسلے

میں ایک ہدایت نامہ جاری کیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ اَب اقلیتی اُمور اور مدرسہ تعلیمی محکمے کے تحت آنے والے اداروں میں جماعتیں شروع ہونے سے پہلے طلباء کو وندے ماترم گانا لازمی ہوگا، جو پہلے کی روایت اور رہنما اصولوں کی جگہ لے گا۔×

## Assam Assembly

آسام کی 16 ویں قانون ساز آسمبلی کا آج پہلا اجلاس شروع ہوا۔ عبوری اسپیکر چندر موہن Patowary نے ایوان کی صدارت کی اور نئے منتخبہ ممبروں کو عہدے اور رازداری کا حلف دلایا۔ آسمبلی نے قبائلی ممبروں کو، اُن کی اپنی مادری زبان میں حلف لینے کی اجازت دی، کیونکہ وزیراعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما چاہتے تھے کہ آسام کے متنوع لسانی وِرثے کو اہمیت دی جائے اور اُس کا احترام کیا جائے۔ سب سے پہلے وزیراعلیٰ ہیمنتا بسوا سرما کو حلف دلایا گیا۔ اسکے بعد کابینہ وزیروں، اَجنتا Neog، رمیشوَر تیلی، چرن Bodo اور اَتُل Bora نے حلف لیا۔ چرن Bodo نے Bodo زبان میں، جبکہ سینئر لیڈر بسواجیت Daimary نے سنسکرت میں حلف لیا۔ آسمبلی کا اجلاس اس مہینے کی 26 تاریخ تک جاری رہے گا۔ ریاستی گورنر لکشمن پرساد آچاریہ کل ایوان سے خطاب کریں گے۔×

## TN - Swearing In

تمل ناڈو میں جوزف وجے کی قیادت والی حکومت نے آج اپنی وزارت کی توسیع کی اور ریاست میں اب اتحادی حکومت قائم ہوگئی ہے۔ کانگریس کے دو ارکان سمیت کیبنیٹ میں 23 نئے وزراء کو شامل کیا گیا ہے۔ حالیہ توسیع کے بعد وزیر اعلیٰ سی جوزف وجے سمیت کیبنیٹ میں وزراء کی کُل تعداد 33 ہوگئی ہے۔ چھ دہائیوں کے بعد، ریاستی کیبنیٹ میں کانگریس پارٹی کی واپسی ہوئی ہے، جو 1967 کے بعد پہلی دفعہ تمل ناڈو کی وزارت میں اپنی نمائندگی کررہی ہے۔

نئی توسیع شدہ کابینہ میں 4 خواتین وزراء کو بھی شامل کیا گیا ہے۔ نئے ارکان کو آج صبح لوک بھون میں گورنر وشوناتھ آرلیکر نے عہدہ اور رازداری حلف دلایا۔ حلف برداری کی تقریب میں حکومت کو حمایت دینے والی اتحادی پارٹیوں کے رہنما بھی موجود تھے۔

پیش ہے ایک رپورٹ ..................

### VC - Joy

*وزیراعلیٰ جوزف وجے کی قیادت والی حکومت کو کانگریس، VCK، CPI، CPM، IUML اور AIADMK کے کچھ ارکان کی حمایت حاصل ہے۔ آج صبح نئے شامل کئے گئے کانگریس کے وزراء، ریاستی کانگریس کے سینئر رہنماؤں کے ساتھ سری پیرمبودور میں راجیوگاندھی میموریل گئے اور اُن کو خراج عقیدت پیش کیا۔ آج لوک بھون میں کیبنٹ کی توسیع کی تقریب میں حکومت کو حمایت دینے والا AIADMK کا دھڑا موجود نہیں تھا۔*

*چنئی سے Joy کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں.*

## Gadkari Highway Meetings

سڑک ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے نئی دلّی میں تریپورہ، اروناچل پردیش اور سکم کی مختلف شاہراہوں کے رکھ رکھاؤ اور معیار سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر جناب گڈکری نے کنکٹی وٹی اور مسافر آمد و رفت کو مستحکم کرنے کیلئے پائیدار اور موثر شاہراہوں کو یقینی بنانے کے مقصد سے جدید ٹیکنالوجیز کو اپنانے اور بروقت تکمیل پر زور دیا۔ وزیر موصوف نے افسران کو روڈ سیفٹی اور پائیداری کو برقرار رکھنے کیلئے احتیاطی اقدامات اور جامع ردّعمل نظام کے ساتھ مانسون کی مکمل تیاری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گڈکری نے کہا کہ انہوں نے میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے موصول فیڈبیک کی بنیاد پر کارروائی کی ہے اور اِن قومی شاہراہوں کے معیار اور رکھ رکھاؤ کی پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔×

**Gadkari Highway Meetings**

سڑک ٹرانسپورٹ اور قومی شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے نئی دلّی میں تریپورہ، اروناچل پردیش اور سکم کی مختلف شاہراہوں کے رکھ رکھاؤ اور معیار سے متعلق پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اِس موقع پر جناب گڈکری نے کنکٹی وٹی اور مسافر آمد و رفت کو مستحکم کرنے کیلئے پائیدار اور موثر شاہراہوں کو یقینی بنانے کے مقصد سے جدید ٹیکنالوجیز کو اپنانے اور بروقت تکمیل پر زور دیا۔ وزیر موصوف نے افسران کو روڈ سیفٹی اور پائیداری کو برقرار رکھنے کیلئے احتیاطی اقدامات اور جامع ردّعمل نظام کے ساتھ مانسون کی مکمل تیاری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب گڈکری نے کہا کہ انہوں نے میڈیا اور سوشل میڈیا کے ذریعے موصول فیڈبیک کی بنیاد پر کارروائی کی ہے اور اِن قومی شاہراہوں کے معیار اور رکھ رکھاؤ کی پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔×

**J&K Ladakh - HC**

خام تیل کی بڑھتی قیمتوں اور توانائی کی یقینی فراہمی کے خدشات کے درمیان، وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اقتصادی خود کفالت حاصل کرنے کی خاطر ایندھن کی بچت سے متعلق اقدامات کی اپیل کے ردِّعمل کے طور پر جموں و کشمیر اور لداخ ہائی کورٹ نے ورچوئل سماعتوں اور کام کاج کے ہائبرڈ طریقۂ کار اپنانے کا اعلان کیا ہے۔ رجسٹرار جنرل کی جانب سے جاری سرکولر کے مطابق، یہ اقدامات آج سے نافذ العمل ہوگئے ہیں اور اگلے احکامات تک اِن کا اطلاق ہوگا۔ ہائی کورٹ نے کہا ہے کہ وکیلوں کی ورچوئل سماعتوں اور ورچوئل پیشیوں کیلئے حوصلہ افزائی کی جاتی ہے، بشرطیکہ وہ آن لائن سماعتوں کے مقررہ طریقۂ کار اور پروٹوکول کا خیال رکھیں۔×

**Nadda - TB**

مرکزی وزیر صحت جے پی نڈا نے کہا ہے کہ بھارت نے تپ دق کے خاتمے کے قومی پروگرام کے تحت اسکریننگ اور جلد تشخیص کے ذریعے دنیا سے تپ دق کے خاتمے کے سب سے بڑے پروگراموں میں سے ایک شروع کیا ہے۔ جناب نڈا نے جنیوا میں عالمی صحت اسمبلی کے 79 ویں اجلاس کے دوران، پھیپڑوں کی صحت اسکریننگ سے متعلق تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی۔ انہوں نے واضح کیا کہ ملک نے گھر گھر جاکر، موبائل اسکرین ٹیموں، برادریوں میں بیداری اور زیادہ خطرہ

لاحق کمزور آبادیوں پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے سرگرم کیسز کا پتہ لگایا۔ جناب نڈا نے مزید اطلاع دی کہ بھارت نے تپ دق اور پھیپڑوں کی دیگر بیماریوں کی جدید تشخیص کے طریقۂ کار میں خاطر خواہ بہتری لائی ہے۔×

**India Slams Pak**

بھارت نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کے اجلاس میں نسل کُشی والے پاکستان کے طویل داغدار ریکارڈ کو اجاگر کیا ہے۔ مسلح محاذ آرائی میں عام شہریوں کے تحفظ کے بارے میں سلامتی کونسل کے سالانہ کھلے مباحثے میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے Harish Parvathaneni نے کہا کہ گذشتہ دہائیوں کے دوران پاکستان کے غیر انسانی طرزِ عمل سے اُس کی سرحدوں اور اِس سے باہر بھی تشدد کی حرکتوں کے ذریعے داخلی ناکامیوں کا رخ باہر کی جانب موڑنے کی اُس کی کوششوں کی عکاسی ہوتی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ یہ ستم ظریفی کی بات ہے کہ پاکستان نے جس کا نسل کُشی کی حرکتوں کا طویل داغدار ریکارڈ رہا ہے، اُن معاملات کا حوالہ دینے کی کوشش کی ہے، جو کُلّی طور پر بھارت کے داخلی معاملات ہیں۔

جناب Harish Parvathaneni نے یہ رائے زنی اُس وقت کی جب پاکستان کے نمائندے نے بحث کے دوران جموں وکشمیر کا معاملہ اٹھایا۔x

**J&K SEC**

جموں وکشمیر کے ریاستی انتخابی کمیشن نے پنچایتی انتخابی فہرست کے سالانہ نظرثانی کا کام مکمل کرلیا ہے اور اس سال کی یکم اپریل کو اہلیتی تاریخ مان کر حتمی پنچایتی فہرست 2026 شائع کردی ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ 27 مارچ کو انتخابی فہرست کے مسودہ کی اشاعت کے ساتھ نظر ثانی کے عمل کا آغاز ہوا تھا اور اس کے بعد اعتراضات اور دعوے پیش کرنے کیلئے پانچ مئی تک 40 دنوں کا وقت دیا گیا تھا۔ انتخابی اندراج کے افسران نے 14 مئی تک تمام اعتراضات اور دعووَں کا نپٹارا کردیا ہے۔ بدھ کے روز شائع ہونے والی حتمی انتخابی فہرست نے مرکزی خطے میں آنے والے پنچایتی انتخابات کا راستہ ہموار کردیا ہے۔×

**UPSC- Centres**

یونین پبلک سروس کمیشن UPSC نے 2026 کے سول سروس Preliminary امتحانات کے مرکزوں پر بہت زیادہ امیدواروں کی تعداد کو کم کرنے کی کوشش میں تین نئے امتحانی مراکز قائم کئے ہیں۔ یہ مراکز بھوبنیشور، کانپور اور میرٹھ میں بنائے گئے ہیں۔ اس طرح ان امتحانات کیلئے مرکزوں کی تعداد 80 سے بڑھ کر 83 ہوگئی ہے۔ UPSC کے مطابق ان نئے مرکزوں کیلئے لگ بھگ 23 ہزار امیدواروں نے درخواست دی ہے اور اس طرح دیگر ملحقہ مرکزوں کا رَش کم ہوگیا ہے۔×

**Govt-Chemical Sector**

کیمیکل اور پیٹرو کیمیکل محکمے کے سکریٹری Tejveer سنگھ نے کہا ہے کہ کیمیکل کا شعبہ ملک کی وسیع تر صنعتی ترقی میں

مددگار ثابت ہورہا ہے اور اس شعبے میں 2040 تک ایک کروڑ لوگوں کو کام دھندہ فراہم کرنے کی گنجائش موجود ہے۔ انہوں نے یہ بات نئی دلّی میں 2026 کے اسپیشلٹی کیمیکل کانکلیو سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔ جناب Tejveer سنگھ نے مغربی ایشیاء میں جاری بحران کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سرکار نے کیمیکل شعبے کی بہتری کیلئے بہت سے احتیاطی اقدامات کئے ہیں۔×

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں، آج احمد آباد میں نریندر مودی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس کی ٹیم، چنئی سُپر کنگس کے مد مقابل ہوگی۔ یہ میچ شام ساڑھے 7 بجے سے کھیلا جائے گا۔ گجرات ٹائٹنس نے پلے آف میں اپنی جگہ بنالی ہے، جبکہ چنئی سُپر کنگس، چوتھے مقام کیلئے اپنی پوزیشن مستحکم کرنے کی کوشش کرے گی۔

اِس بیچ کل رات ایڈن گارڈنس میں ہوئے مقابلے میں کولکاتہ نائٹ رائڈرس نے ممبئی انڈینس پر چار وکٹ کی جیت حاصل کرکے اپنے پلے آف کی امیدوں کو برقرار رکھا۔×

## J&K - IKC Win Medals

جموں و کشمیر کے اُدھم پور ضلع کی نوجوان خواتین کراٹے کھلاڑیوں نے بین الاقوامی کراٹے چیمپئن شپ میں 9 تمغے جیت کر مرکز کے زیر انتظام علاقے کو فخریہ لمحوں کی سوغات پیش کی ہے۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اِن کھلاڑیوں نے مختلف خطوں اور ملکوں کے کھلاڑیوں سے مقابلہ کرتے ہوئے غیر معمولی مہارت، نظم و ضبط اور جذبے کا مظاہرہ کیا۔ یہ متاثر کن کارکردگی جموں و کشمیر میں کھیلوں کی بڑھتی مہارت خصوصاً مارشل آرٹس اور مسابقتی کھیلوں میں لڑکیوں کی بڑھتی شرکت کی عکاسی کرتی ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆